06.04.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............... شبانہ بیگم

**Music**

☆ بی جے پی کے اعلیٰ رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ انتخابات محض سرکار بنانے کے لیے نہیں ہے بلکہ یہ انتخابات بھارت کو ترقی یافتہ ملک بنانے کے لیے ہے۔ وہ تیسرے پہر آج اجمیر میں چناؤ جلسے سے خطاب کریں گے۔

☆ چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلعے میں حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک مڈبھیڑ میں 3 نکسلی مارے گئے ہیں۔

☆ جموں وکشمیر کے اُڑی سیکٹر میں کنٹرول لائن پر دراندازی کی ایک کوشش کو فوج نے ناکام بنادیا اور 2 دہشت گرد مارے گئے ہیں۔

☆ بھارت کے موسمیات کے محکمے نے پیش گوئی کی ہے کہ بھارت کے کچھ مشرقی حصوں اور جزیرہ نما میں کل تک گرمی کی لہر جاری رہے گی۔

☆ آج شام جے پور میں IPL کرکٹ ٹورنامنٹ میں راجستھان رائلس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلور سے ہوگا۔

☆ پرتھ میں بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان ہاکی کے پانچ میچوں کی سیریز کا پہلا میچ جاری ہے۔

اب خبریں تفصیل سے...........

PM-Saharanpur

بی جے پی کے اعلیٰ رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ انتخابات محض سرکار بنانے کے لیے نہیں ہے بلکہ یہ انتخابات بھارت کو ترقی یافتہ ملک بنانے کے لیے ہے۔ گزشتہ 5سال کے دوران بھارت دنیا کی پانچویں سب سے بڑی معیشت بن گیا ہے۔ جناب مودی نے آج سہارنپور میں ایک چناؤ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ یہ چناؤ جلسہ سہارنپور سے بی جے پی کے امیدوار راگھو لکھن پال اور کیرانہ سے پارٹی امیدوار پردیپ چودھری کی حمایت میں کیا گیا تھا۔ اِس موقع پر پارٹی کے اعلیٰ رہنما اور وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ بھی موجود تھے۔ آکاشوانی کے

نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ جناب مودی نے کہا کہ اگر ارادہ صحیح ہو تو نتیجہ بھی صحیح ہوتا ہے۔ بی جے پی کسی تفریق اور بھید بھاؤ کے بغیر کام کرتی ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہماری پالیسیاں ہر شخص تک پہنچے اور اِس مقصد کے حصول کے لیے ہم نے 10 سال تک کام کیا ہے، یہی اصل سیکولرازم اور سماجی انصاف ہے۔ آج بی جے پی کے قیام کے دن کا ذکر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ کچھ ہی برسوں میں بڑی تعداد میں ملک کے عوام بی جے پی میں شامل ہوگئے ہیں، کیونکہ اِس پارٹی نے عوام کا اعتماد اور دل جیت لیا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بی جے پی نے ہمہ جہت ترقی کے لیے کام کیا ہے، جس کے نتیجے میں ہر ہندوستانی کا رہن سہن بہتر اور آسان ہوگیا ہے۔

گزشتہ 10 سال سے سرکار لگاتار کسانوں کی ترقی کے لیے کام کررہی ہے۔ ووکل فار لوکل کا ذکر کرتے ہوئے جناب مودی نے ایک ضلع، ایک پیدوار اسکیم کی تعریف کی۔

انہوں نے کہا کہ اب تک جو کچھ آپ نے دیکھا ہے یہ صرف ایک جھلک ہے۔ ترقی یافتہ بھارت کے لیے ابھی بہت کچھ کیا جانا باقی ہے۔

بی جے پی کے اعلیٰ رہنما اور وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ ہم خوش قسمت ہیں کہ ہم نے نیا بھارت دیکھا ہے، جسے عالمی لیڈر کے طور پر جانا جارہا ہے۔

وزیر اعظم مودی آج تیسرے پہر راجستھان کے اجمیر ضلع میں پشکر میں چناؤ جلسے سے خطاب کریں گے۔ یہ جلسہ اجمیر اور پشکر کے بی جے پی امیدواروں کی حمایت کے لیے کیا جائے گا۔

دوسری طرف کانگریس بھی آج جے پور میں اپنے چناؤ منشور 'نیائے پتر' کے لیے ایک بڑی ریلی کررہی ہے۔ کانگریس کے قومی صدر ملک ارجن کھڑگے، اعلیٰ پارٹی رہنما سونیا گاندھی اور پرینکا گاندھی جلسے سے خطاب کرنے کے لیے جے پور پہنچ گئے ہیں۔

Sukhjinder Singh Randhava، اشوک گہلوت اور پرمود تیواری سمیت دوسرے سینئر رہنما بھی اِس میں شرکت کیلئے وہاں پہنچ رہے ہیں۔x

Day-BJP-Foundation Day

بی جے پی کے اعلیٰ رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی اور دوسرے اعلیٰ رہنماؤں جناب امت شاہ اور پارٹی صدر جے پی نڈا نے بی جے پی کے قیام کے 45 سال پورے ہونے کے موقع پر پارٹی کارکنوں کو مبارکباد دی ہے اور اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کارکنوں کی سخت محنت، جدوجہد اور قربانیوں کے لیے شکریہ ادا کیا، جن کی کاوشوں اور محنتوں سے برسوں میں پارٹی کو کھڑا کیا گیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ BJP کو اس بات پر فخر

ہے کہ وہ NDA کا اٹوٹ حصہ ہے اور وہ اپنے اتحادیوں کے ساتھ شراکت داری کو پسند کرتی ہے۔

جناب امت شاہ نے بھی بی جے پی کو دنیا کی سب سے بڑی سیاسی پارٹی بنانے کے لیے پارٹی کارکنوں کا شکریہ ادا کیا۔

پارٹی صدر جے پی نڈا نے پارٹی کو ملک بھر میں توسیع دینے کے لیے پارٹی کے اعلیٰ رہنماؤں کی کوششوں کو سراہا۔x

## Kozhikode JP Nadda

BJP کے قومی صدر جے پی نڈا آج عام انتخابات میں NDA امیدواروں کیلئے چناؤ مہم کے تحت کوزی کوڈ پہنچیں گے۔ وہ آج شام شہر میں ایک روڈ شو کریں گے۔ یہ روڈ شو Ariyidathupalam سے Muthalakkulam میں منعقد کیا جائے گا۔x

## Lakshadweep Profile

لکشدیپ میں، جو رائے دہندگان کی معنٰی میں لوک سبھا کا ملک کا سب سے چھوٹا اسمبلی حلقہ ہے۔ 19 اپریل کو پہلے مرحلے کے تحت ووٹنگ ہوگی۔ مرکز کے زیر انتظام لوک سبھا کا یہ علاقہ درج فہرست قبائل کیلئے مخصوص ہے۔ x

## Congress List

کانگریس نے آئندہ لوک سبھا انتخابات کیلئے آج6 امیدواروں کی ایک فہرست جاری کی ہے۔ پارٹی نے شمالی گوا حلقے سے Ramakant Khalap جبکہ جنوبی گوا حلقے سے کیپٹن Viriato Fernades کو میدان میں اتارا ہے۔ ستیہ پال سنگھ Sikarwar مدھیہ پردیش میں مورینا سے جبکہ Praveen Pathal گوالیار حلقے سے انتخاب لڑیں گے۔ x

## Congres CEC

کانگریس کی مرکزی چناؤ کمیٹی نے کل شام نئی دلی میں پارٹی صدر دفتر میں لوک سبھا انتخابات سے متعلق ایک میٹنگ منعقد کی۔

پارٹی صدر ملک ارجن کھڑکے، کانگریس پارلیمانی پارٹی کی صدرنشیں سونیا گاندھی اور پارٹی جنرل سکریٹری KC Venugopal میں اس میٹنگ میں موجود تھے۔ ہریانہ کے سینئر پارٹی لیڈروں نے بھی میٹنگ میں شرکت کی۔ x

## Chhattisgarh Encounter

چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلعے میں تلنگانہ کی سرحد سے متصل علاقے میں آج صبح حفاظتی دستوں کے ساتھ مڈبھیڑ میں ممنوعہ سی پی آئی ماؤنواز پارٹی کے 3 نکسلی مارے گئے۔ پولیس کے ایک اہلکار کے مطابق مڈبھیڑ کا یہ واقعہ تلنگانہ کے Mulugi ضلعے کے سرحدی Pujari Kanker جنگلاتی علاقے میں پیش آیا۔ مڈبھیڑ کی جگہ سے پولیس نے ایک اے کے 47 رائفل، ایک ایل ایم جی اور 12 بور گن برآمد کی۔ پولیس ذرائع نے بتایا ہے کہ مارا گیا ایک نکسلی سنتوش عرف ساگر DVCM کا کمانڈر تھا اور یہ جے شنکر Bhupalpalli ضلعے کے Ankushpur گاؤں سے تعلق رکھتا تھا۔

## NIA Arrest

قومی جانچ ایجنسی NIA نے مغربی بنگال کے بھوپتی نگر دھماکے کے معاملے میں دو اہم سازش کرنے والوں کو گرفتار کیا ہے۔ دسمبر 2022 میں ہوئے اس دھماکے میں 3 افراد ہلاک ہوگئے تھے۔ NIA نے آج کہا کہ ملزموں کو ریاست کے مشرقی مدنی پور ضلعے میں بے قابو بھیڑ کی سخت مزاحمت کے دوران گرفتار کیا گیا۔ اس دوران ہجوم میں سے کچھ شرپسندوں کے حملے میں NIA کی ٹیم کے ایک رکن کو معمولی زخم آیا جبکہ NIA کے عہدیداروں کی گاڑیوں کو نقصان پہنچا۔ بے قابو ہجوم نے NIA کی ٹیم اور سیکیورٹی اہلکاروں کو گرفتاری کی کارروائی مکمل کرنے کیلئے بھوپتی نگر پولیس اسٹیشن کی طرف آگے بڑھنے سے روکنے کی کوشش کی۔ NIA نے اِس سلسلے میں مقامی پولیس اسٹیشن میں ایک شکایت درج کرائی ہے۔

گرفتار ملزموں کی شناخت Balai Charan Maity اور Manobrata Jana کے طور پر کی گئی ہے۔
دونوں گرفتار ملزمان دہشت گردی پھیلانے کیلئے دیسی بم بنانے اور دھماکہ کرنے کی سازش میں سرگرم طور پر ملوث تھے۔

x

## Rev J&K Terrorists

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں کشمیر میں بھارتی فوج کی قیادت میں ایک مشترکہ کارروائی میں کل بارہمولہ ضلع کے اڑی سیکٹر میں لائن آف کنٹرول سے متصل دہشت گردوں کی دراندازی کی ایک کوشش کو کامیابی کے ساتھ ناکام بنا دیا گیا۔ سرینگر میں دفاع کے ترجمان کے مطابق اِس سے پہلے مختلف انٹیلجنس ایجنسیوں کی جانب سے اڑی سیکٹر میں لائن آف کنٹرول کے پار سے دہشت گرد گروپوں کی منصوبہ بندی اور دراندازی کے ارادے سے متعلق متعدد خصوصی اطلاعات موصول ہوئی تھیں۔ اِن خصوصی اطلاعات کی بنیاد پر نگرانی اور انسداد دراندازی نظام کا جائزہ لیا گیا اور

اِسے مزید مستحکم کیا گیا۔ ترجمان نے کہا کہ کل صبح تڑکے لائن آف کنٹرول کے قریب بھارتی فوج نے دہشت گردوں کے گروپ کو لائن آف کنٹرول کی طرف بڑھتے ہوئے دیکھا۔

ترجمان نے کہا کہ بھارتی فوج نے دشمن کی نقل و حرکت کا مسلسل پتہ لگایا اور رابطہ قائم کیا، جس کے نتیجے میں شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ جب یہ کارروائی جاری تھی تبھی لائن آف کنٹرول کے آس پاس پاکستان کی اگلی چوکیوں سے وقفے وقفے سے گولہ باری کی گئی۔ دفاع کے ترجمان نے کہا کہ اِس کارروائی کے نتیجے میں دو دہشت گردوں کو ہلاک کردیا گیا۔ اُن کے قبضے سے دو AK رائفلز، تین میگیزین، چار ہتھ گولے، گولہ بارود اور دیگر جنگی ساز و سامان بھی بر آمد کیے گئے۔

حکام نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کی جانب سے دراندازی کی یہ کوشش، ایک ایسے وقت میں جب عام انتخابات ہونے والے ہیں اور جمہوری عمل سامنے آرہا ہے، پُرامن کشمیر وادی میں بد امنی کو ہوا دینے کیلئے پاکستان کی مایوسی کو اجاگر کرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ مشترکہ کارروائی مختلف سکیورٹی اور انٹیلیجنس ایجنسیوں کے درمیان تال میل کا واضح ثبوت ہے، جو کشمیر میں امن و سکون کو یقینی بنانے کیلئے عہد بستہ ہیں۔ x

## Sisodia Custody

دلّی کی ایک عدالت نے دلّی شراب پالیسی گھپلے سے منسلک کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں عام آدمی پارٹی کے لیڈر اور دلّی کے سابق نائب وزیر اعلیٰ منیش سسودیا کی عدالتی تحویل کو اِس مہینے کی 18 تاریخ تک بڑھا دی ہے۔ Rouse ایوینو کورٹ کی خصوصی جج کاویری بویجا نے عام آدمی پارٹی کے رہنما منیش سسودیا کی عدالتی تحویل میں اُس وقت توسیع کی جب انھیں آج اِس سے پہلے کی عدالتی تحویل کی میعاد ختم ہونے کے بعد عدالت میں پیش کیا گیا تھا۔ x

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے ملک کے مشرقی اور جزیرہ نما حصوں میں آج اور کل کے لیے گرمی کے حالات رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ اوڈیشہ، مغربی بنگال، جھارکھنڈ، مہاراشٹر، کرناٹک، آندھرا پردیش، پڈوچیری اور تلنگانہ کے کچھ حصوں میں آج گرمی کی صورتحال رہے گی۔

محکمۂ موسمیات نے مزید کہا ہے کہ ساحلی کرناٹک اور گوا میں کل تک اور کیرالہ، تمل ناڈو و پڈو چیری میں اس مہینے کی 9 تاریخ تک گرمی اور اُمس کا موسم رہے گا۔

اس دوران مشرقی اور شمال مشرقی بھارت میں آئندہ دنوں میں گرج چمک اور بارش کے حالات میں اضافہ

دیکھنے میں آئے گا۔ موسمیات کے محکمے نے یہ بھی کہا ہے کہ آج جھارکھنڈ اور اوڈیشہ میں بارش اور گرج چمک جبکہ کیرالہ اور پڈوچیری اِس مہینے کی 11 تاریخ تک ہلکی سے اوسط بارش رہنے کا امکان ہے۔ x

## IPL-Cricket

آج IPL کرکٹ ٹورنامنٹ میں راجستھان رائلز کا مقابلہ رائل چیلنجرز بینگلور سے ہوگا۔ یہ میچ جے پور میں شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔

کل رات سنرائزر حیدرآباد نے چنئی سُپر کنگس کو 6 وکٹ سے ہرادیا ہے۔ یہ میچ حیدرآباد میں راجیوگاندھی بین الاقوامی اسٹیڈیم میں کھیلا گیا تھا۔ سنرائزر حیدرآباد نے جیت کیلئے مقرر کئے گئے 166 رن کے نشانے کو حاصل کرنے کیلئے، یہ نشانہ 6 وکٹ اور 11 گیندیں رہتے ہوئے پورا کرلیا۔

## Hockey India AUS

ہاکی میں ہرمن پریت سنگھ کی قیادت میں بھارتی ٹیم آج پَرتھ میں آسٹریلیا کے خلاف پانچ میچوں کی اپنی سیریز شروع کرے گی۔ آج کا میچ اب سے کچھ دیر بعد پرتھ کے ہاکی اسٹیڈیم میں بھارتی وقت کے مطابق دوپہر 2 بجے شروع ہوگا۔

2013 سے آسٹریلیا کے ساتھ دونوں ٹیموں کے 43 میچ ہوئے ہیں، جس میں آسٹریلیا نے 28 میچ اور بھارت نے صرف 8 میچ جیتے ہیں، جبکہ 7 میچ بغیر کسی نتیجے کے ختم ہوگئے۔ یہ سیریز اِس لئے اہمیت کی حامل ہے کیونکہ بھارت اور آسٹریلیا کو اِس سیریز کے تحت پیرس 2024 کیلئے ایک ہی پول میں مقام حاصل ہوا ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆